پریس ریلیز

گوجرانوالہ 14 نومبر 2023ء

گوجرانوالہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر شیخ فیصل ایوب سے کلاتھ مارکیٹ بورڈ گوجرانوالہ کے وفد نے ملاقات کی ۔اس موقع پر اراکین مجلس ،سابق صدور اخلاق احمد بٹ ،خواجہ ضرار کلیم ،رانا شہزاد حفیظ ،محمد شعیب بٹ ،سابق سینئر نائب صدر عرفان سہیل ،سابق نائب صدر محمد انور اسلم ،کلاتھ مارکیٹ بورڈ گوجرانوالہ سے انوار ببا ،افضل جج ،شیخ رضوان ،شیخ کاشف ،قاسم گجر ،ادریس جمیل ،طیب ،کاشف ،حمید ،محبوب حسین کے علاوہ دیگر کاروباری شخصیات بھی موجود تھیں ۔وفد کی قیادت انوار ببا اور افضل جج نے کرتے ہوئے تبادلہ خیال کرتے ہوئے کہا کہ گوجرانوالہ بزنس کمیونٹی کی خوش قسمتی ہے کہ شیخ فیصل ایوب جیسے منجھے ہوئے کاروباری شخص کو گوجرانوالہ چیمبر کی صدارت کا دوسری مرتبہ موقع ملا ہے ۔انہوں نے کہا کہ پچھلے سال ان کی شاندار کارکردگی نے پوری بزنس کمیونٹی کا سر فخر سے بلند کر دیا ہے ۔کلاتھ مارکیٹ بورڈ کے بے شمار اور دیرینہ مسائل انہوں نے بہترین حکمت عملی سے حل کروا کر بزنس کمیونٹی کیلئے بھرپور آسانیاں پیدا کیں ۔ان کی مثالی کارکردگی پر اطمنان کا اظہار کرتے ہوئے ہم امید کرتے ہیں کہ رواں سال شیخ فیصل ایوب بطور صدر گوجرانوالہ چیمبر نئے عزم کے ساتھ بزنس کمیونٹی کی بھرپور خدمت کریں گے ۔گوجرانوالہ کلاتھ مارکیٹ بورڈ ہر فورم پر ان کے شانہ بشانہ کھڑا ہے ۔

وفد کا خیر مقدم کرتے ہوئے صدر گوجرانوالہ چیمبر شیخ فیصل ایوب نے کہا کہ کلاتھ مارکیٹ بورڈ اور تمام کاروباری دوستوں کیلئے گوجرانوالہ چیمبر کے دروازے ہمہ وقت کھلے ہیں پچھلے سال بھی بلاتفریق بزنس کیونٹی کی خدمت کی رواں سال بھی میرے ارادے مضبوط اور یقین پختہ ہے انشاءاللہ پچھلے سال سے رواں سال بہتر ہوگا ۔کلاتھ مارکیٹ بورڈ اپنے ممبران دیں تا کہ ایک کمیٹی بنا کر ان کے مسائل کا باہمی مشاورت سے حل تلاش کیا جائے ۔گوجرانوالہ چیمبر آف کامرس اپنی سطح پر اپنے ممبران کے کاروباری مسائل کو ملکی سطح پر حل کرنے میں ہمہ وقت کوشاں ۔